Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

معروف کاروباری شخصیت ملک ریاض حسین کے بیان پر پاکستان تحریک انصاف کا ردعمل

پاکستان بدترین شخصی آمریت کے شکنجے میں جکڑا ہوا ہے جس کا پورا وجود صریح لاقانونیت اور دستور شکنی پر استوار ہے، رجیم چینج آپریشن کے بعد ملک کو آئین و قانون سے محروم کرکے فردِ واحد کی مرضی کی تابعداری پر لگادیا گیا،

فردِ واحد کے اقتدار کو آکسیجن دینے والے اس نظام میں قانون نہیں دھونس، جبر اور ڈنڈے کے زور پر تابعداری پر مجبور کیا جانا ایک روایت بن چکی ہے، ترجمان تحریک انصاف

سیاستدان ہی نہیں ججز، صحافی، وکلاء، تاجر اور کاروباری شخصیات سمیت معاشرے کے ہر طبقے کو تنگ کرنے کا مکروہ اور بزدلانہ سلسلہ جاری ہے، ترجمان تحریک انصاف

دھونس اور بدمعاشی کے اسی سلسلے کے تحت بانی چیئرمین عمران خان کے خلاف القادر ٹرسٹ سمیت لگ بھگ 203 جھوٹے، جعلی اور من گھڑت مقدمات قائم کئے گئے، ترجمان تحریک انصاف

دھونس اور جبر کے اسی بدنما سلسلے کے خلاف اسلام آباد ہائیکورٹ کے 6 ججز نے سپریم جیوڈیشل کونسل کو خط لکھ کر معاملہ اجاگر کیا، ترجمان تحریک انصاف

ظلم اور زیادتی پر دنیا کا کوئی نظام اول تو کھڑا نہیں ہوسکتا اور اگر کھڑا کر بھی دیا جائے تو زیادہ دیر برقرار نہیں رہ سکتا، فردِ واحد کی آمریت میں واضح شگاف اس کے انجام کی نوید ہیں، ترجمان تحریک انصاف

وہ وقت قریب ہے جب تحریک انصاف کی جدجہد کے نتیجے میں ظلم کی جگہ قانون لے گا اور فردِ واحد کے آمرانہ اقتدار کی جگہ آئین و جمہوریت لیں گے، ان شاءاللہ، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ